تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

June, 5, 2024

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ماحولیات کا عالمی دن جوش وخروش سے منایا

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے آج پانچ جون کو ماحولیاتی عالمی دن کے موقع پر متعدد پروگرام منعقد کیے۔ نہرو گیسٹ ہاؤس کے پاس شجر کاری مہم کے ساتھ سرگرمیوں کا آغاز ہوا جس میں پروفیسر محمد شکیل، قائم مقام شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ، جناب نسیم حیدر، قائم مقام مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ، ڈینز اور یونیورسٹی کے دیگر اعلی عہدیداروں نے پودے لگائے۔ شجر کاری کے بعد این ایس ایس رضا کاروں اور یونیورسٹی کے ملازمین نے پورے کیمپس میں اور آس پاس کے علاقوں میں ماحولیات کے عالمی دن کے تئیں بیداری پیدا کرنے کے لیے ٹاک کا اہتمام کیا۔

شعبہ برائے ماحولیاتی سائنس جامعہ ملیہ اسلامیہ نے 'انوائرونمنٹ امپیکٹ اسیسنٹ: اسکوپ اینڈ اپورچینیٹی' کے مرکزی خیال پر ایک اہم ورکشاپ کا انعقاد کیا جس میں صنعت، دیگر اداروں اور جامعہ کے ماہرین نے شرکت کی اور ماحولیات کے جائزے (ای آئی اے) اوراس سے متعلقہ موضوع پر سامعین کو اہم معلومات فراہم کرائیں۔ افتتاحی اجلاس کی صدارت قائم مقام شیخ الجامعہ پروفیسر محمد شکیل، سابق شیخ الجامعہ ایم اے جے یو، رام پور اور سابق ڈین فیکلٹی آف انجیئرنگ جامعہ ملیہ اسلامیہ نے صدارت کی اور پروفیسر اقبال ایچ خان افتتاحی جلسے میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شریک ہوئے۔ اجلاس میں یونیورسٹی کے اساتذہ اور طلبا نے شرکت کی۔

پروفیسر منی ایس تھامس، ڈین، فیکلٹی آف انجیئرنگ اینڈ ٹکنالوجی جامعہ ملیہ اسلامیہ نے اپنی تقریر میں آب وہوا کی تبدیلی سے متعلق مطالعہ کے اثرات اور پائے دار ترقی کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ ڈاکٹر نتن گرگ، ڈائریکٹر گڈلک انڈیا لمیٹڈ نے ماحولیات بندوبست اوراس کی تخفیف کے لیے صنعتی نقطہ نظر پیش کیا۔

پروفیسر سراج الدین احمد، صدر شعبہ برائے ماحولیات سائنس کے باضابطہ خیر مقدمی کلمات سے سیشن کا آغاز ہوا۔ انھوں نے سامعین کو بتایا کہ ان کا شعبہ ای قیو قیو 'ایک قدم قدرت کی اور' کے عنوان سے ایک ایپ تیار کررہا ہے جو جامعہ برادری کے محفوظ کردہ کاربن فوٹ پرنٹ پر نظر رکھے گا۔

پروفیسر محمد شکیل قائم مقام شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے کہا کہ'' آج ہم ماحولیات کا عالمی دن منا رہے ہیں، ہمیں

ماحولیاتی تحفظ کے کاز کے لیے اپنے عہد کی تجدید کرنی چاہیے۔ روزمرہ کی زندگی میں پائے دار انتخابات کے لیے ہمیں تحریک لینی چاہیے اور ہمارے کرہ ارض کی صحت کے لیے کیے جانے والے اقدامات میں اپنا تعاون دینا چاہیے۔''

یونیورسٹی کی این ایس ایس اکائی نے اس کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر عابد حسین کی رہنمائی میں ایکو ڈرائیو، پوسٹر سازی مقابلہ، نکڑ ناٹک اور ماحولیات کے تحفظ پر لیکچر جیسی متعدد سرگرمیاں منعقد کیں۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبہ معاشیات میں بھی ماحولیات کے عالمی دن کو نہایت جوش اور جذبے سے منایا گیا جس میں یونیورسٹی کے اندر کوئز مقابلہ تھا اور تھیم مقابلہ بھی منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر 'ہاو ٹو انلاک دی کلائمیٹ اینڈ فوڈ سیکوریٹی پوٹینشیل ہف افریقاس ڈرائی لینڈ' نام کی ایک ڈاکومینٹری بھی دکھائی گئی۔ صدر شعبہ معاشیات جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر اشرف علیان نے پروگرام میں شریک لوگوں کو ہریالی کے فروغ کا عہد بھی کرایا جس میں شرکا نے مجموعی طور پر دو عہد کیے ایک ماحولیات اور اپنے قدرتی وسائل کو محفوظ رکھنا اور دوسرے اپنے کرہ ارض کے نشو ونما پانے والے مستقبل کے لیے ساتھ ملک کر کام کریں۔

ماحولیات کے عالمی دن کے اہتمام میں یونیورسٹی کے دیگر شعبوں نے بھی متعدد پروگرام منعقد کیے۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی